سوال

(221) خطبہ جمعہ کےلیے آنے والا دو رکعتیں پڑھے

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

اصحاب رسول ﷺ جب بھی خطبہ جمعہ کے وقت مسجد میں آتے تھے تو اصحاب رسول دو رکعت پڑھ کر بیٹھتے تھے حدیث سے ثابت کریں! (ماسٹر فضل دیوبندی، بذریعہ ثناء اللہ مکی۔ گوجرانوالہ)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

سیدنا جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جمعہ کے دن نبی ﷺ خطبہ دے رہے تھے کہ ایک آدمی مسجد میں داخل ہوا۔ آپ نے فرمایا: کیا تو نے نماز پڑھی؟ اس نے کہا: نہیں، آپ ﷺ نے فرمایا اگر تم میں سے کوئی شخص جمعہ کے دن (جمعہ پڑھنے کےلیے) آئے اور امام (خطبے کےلیے) نکل چکا ہو تو وہ شخص دو رکعتیں پڑھے۔ (صحیح مسلم: 57/875 واللفظ لہ و صحیح بخاری: 1166)

سیدنا ابو سعید الخدری رضی اللہ عنہ جمعہ کے دن آئے، مروان (بن الحکم) خطبہ دے رہے تھا۔ آپ نے چوکیداروں کی مخالفت کے باوجود نماز پڑھی، (سنن الترمذی: 511 وقال: "حدیث حسن صحیح" ومسند الحمیدی: 741)

معلوم ہوا کہ صحابہ کرام خطبہ جمعہ کے وقت دو رکعتیں پڑھ کر بیٹھتے تھے۔ کسی ایک صحیح روایت سے بھی ثابت نہیں کہ خطبہ جمعہ کے وقت کوئی صحابی مسجد میں آیا ہو اور دو رکعتیں پڑھے بغیر بیٹھ گیا ہو۔ وما علینا الا البلاغ الحدیث: 16)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد1۔ کتاب الصلاۃ۔ صفحہ 447